# 18-08-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ پچھلی حکومت کی طرف سے چھوڑے گئے قرض کے بوجھ کے باوجود عوام سے کئے گئے تمام وعدے پورے کئے جارہے ہیں۔

۲۔نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ کریم نگر ضلع میں 18 ویں صدی کے مجاہد آزادی سردار سروائی پاپنا گوڑ کے گاؤں سروائی پیٹ کو سیاحتی مرکز کی حیثیت سے فروغ دیا جائے گا۔

۳۔ مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ بی آر ایس دریائے گنگا میں ضم ہوچکی ہے اور بی جے پی کے ساتھ اس کے انضمام کا کوئی مطلب نہیں ہے۔

اور

۴۔ تلنگانہ ریاست میں اس مہینہ بجلی کی کھپت میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے جس کی وجہ سے بجلی تقسیم کرنے والی کمپنیوں کو طلب سے نمٹنے کے لئے بڑے پیمانے پر بجلی خریدنے پڑ رہی ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ ریاست میں اگست کے مہینہ میں بجلی کی کھپت میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔جس کی وجہ سے ریاست کی بجلی تقسیم کرنے والی کمپنیوں کو طلب سے نمٹنے کے لئے بڑے پیمانے پر بجلی کی خریدی کرنا پڑ رہا ہے۔ جولائی میں بجلی کا آڈر روزانہ 180 ملین یونٹ تھا جو پچھلے ایک ہفتہ میں 290 ملین یونٹ ہوگیا ہے اور اسی طرح جولائی میں سب سے زیادہ طلب 10 ہزار میگا واٹ تھی جو اگست میں 14 ہزار میگا واٹ سے زیادہ ہوگئی ہے۔

☆☆☆

بی جے پی لیڈر اور مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ بی آر ایس ایک ایسی جماعت ہے جو گنگا ندی میں ضم ہوچکی ہے اور اب اس پارٹی کو بی جے پی میں ضم کرنے کا کوئی مطلب نہیں ہے۔انہوں نے یہ بات صاف کی کہ بی جے پی کرپشن اور خاندانی جماعتوں سے دور رہے گی۔انہوں نے کہا کہ کے سی آر کا سفر کانگریس سے شروع ہوا تھا اس لئے بی آر ایس بہت جلد کانگریس میں ضم ہوگی۔اسی لئے بی آر ایس کے بعض ارکان اسمبلی پہلے ہی کانگریس میں شامل ہوچکے ہیں۔ سنجے نے الزام لگایا کہ کانگریس چھ ضمانتوں کو پٹری سے اتارنے کے لئے بی آر ایس اور بی جے پی کے انضمام کے بارے میں پروپگنڈہ کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسان قرضوں کی معافی پر احتجاج کررہے ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ کسانوں کو بینکوں سے این او سی دینا چاہئے۔بنڈی سنجے نے حیدر آباد کے سلطان بازار میں ینگ مینس ایمپرومنٹ سوسائٹی کی نئی عمارت کا افتتاح کیا۔

☆☆☆

وزیر مال امکنہ اور اطلاعات پی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت ترقی اور بھلائی پر توجہ دیتے ہوئے کام کررہی ہے۔وزیر نے آج ہنمکنڈہ ضلع کے پرکالا میں کئی ترقیاتی پروگراموں میں حصہ لیا۔انہوں نے ایک سرکاری ڈگری کالج کی عمارت اور امرت واٹر سپلائی اسکیم کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔یہ پراجکٹس پانچ کروڑ اور 11.75 کروڑ کی مالیت سے مکمل کئے جائیں گے۔ اپنی تقریر میں انہوں نے کہا کہ ترجیحی بنیادوں پر

ترقیاتی کام کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت کی طرف سے چھوڑے ہوئے قرض کے بوجھ کے باوجود عوام سے کئے گئے تمام وعدے پورے کئے جارہے ہیں۔

☆☆☆

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیوورما نے کل رکشا بندھن کے موقع پر تلنگانہ کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔اپنے پیام میں گورنر نے کہا کہ رکشا بندھن بھائی اور بہن کے درمیان آفاقی رشتے کی عظیم ہندوستانی روایت کی علامت ہے۔انہوں نے امیت ظاہر کی کہ محبت کا دھاگا دلوں کو باندھے گا اور تمام بھائیوں اور بہنوں کی زندگیاں ہمیشہ کے رشتے میں بندھی رہیں گی۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے الزام لگایا ہے کہ کسانوں کو کانگریس حکومت نے قرض معافی کے نام پر دھوکہ دیا ہے۔اے آئی سی سی صدر ملکارجن کھر گے اور پارٹی کے سینئر لیڈر راہول گاندھی کو ایک خط لکھتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ تلنگانہ میں کئی کسان قرض معافی پر عمل کرنے میں کانگریس حکومت کی ناکامی کی وجہ سے تکلیفیں اٹھا رہے ہیں۔

☆☆☆

تلنگانہ میں بعض بعض مقامات پر اگلے پانچ دنوں میں ہلکی سی اوسط بارش ہوگی۔دفتر موسمیات نے بتایا کہ تلنگانہ میں مانسون ابھی معمول کے مطابق ہے۔سدی پیٹ میں پچھلے چوبیس گھنٹوں میں کئی مقامات پر بھاری بارش ہوئی۔

☆☆☆

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ کریم نگر کے گاؤں سرویہ پیٹ کو سیاحتی مقام کی حیثیت سے فروغ دیا جائے گا۔حیدرآباد کی روندرا بھارتی میں سردار سروائی پاپنا گوڑ کے 174 ویں یوم پیدائش تقریب میں حصہ لیتے ہوئے بھٹی نے کہا کہ سرویہ پیٹ گاؤں کو سیاحتی مرکز میں بدلنے سے ہندوستان بھر کے عوام کو مدد ملے گی اور انہیں پاپنا کی زندگی کے بارے میں معلوم ہوگا۔پابنا کو مغلوں کے قبضہ کے بعد 17 ویں اور 18 ویں صدی میں تلنگانہ کے رابن ہٹ کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ حکومت نے کریم نگر ضلع کے منڈل سعیدہ پور میں سروائی پیٹ قلعہ کو فروغ دینے کے لئے 4.70 کروڑ روپے جاری کئے ہیں۔اس رقم سے ان علاقوں کو بھی فروغ دیا جائے گا جہاں سردار سروائی پاپنا پیٹ گوڑ نے دورہ کیا تھا۔

☆☆☆

یادادری بھونگیر ضلع کے موٹہ کندور و منڈل کے گاؤں تریال میں چائلڈ ہلپ لائن پر ملنے والی اطلاع کی بنیاد پر ڈسٹرکٹ چائلڈ پروٹیکشن محکمہ نے چائلڈ ہلپ لائن اسٹاف اور پولیس کی مدد سے ایک کم عمری کی شادی رکوائی۔اس لڑکے اور لڑکی کے ماں باپ کی کونسلنگ کی گئی۔لڑکی کو سکھی سنٹر میں پناہ دی گئی۔

☆☆☆

سپریم کورٹ نے کولکتہ کے آر جی ہاسپٹل میں ایک خاتون جونیر ڈاکٹر کی عصمت ریزی اور قتل کے معاملہ کا خود سے نوٹ لیا ہے۔ چیف جسٹس آف انڈیا ڈی وائی چندر چوڑ، جسٹس جے بی پاڑ دی والا اور منوج مشرا کی بنچ منگل کو اس معاملہ کی سنوائی کرے گی۔ سی بی آئی اس کیس کی تحقیقات کر رہی ہے۔

☆☆☆

آصف آباد ضلع کے کلکٹر وینکٹیش تھوترے نے ضلع کلکٹریٹ میں ہونے والے ایک پروگرام میں سردار سروائی پاپنا گوڑ کی تصویر کو پھول پہنائے۔ کاماریڈی میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ کلکٹر سرینواس ریڈی اور عہدیداروں و لیڈرس نے کاماریڈی میں پاپنا گوڑ کے پوٹریٹ کو پھول پہنائے۔ بھدرادری کوتہ گوڑم میں کلکٹر جتیش نے پاپنا گوڑ کے پوٹریٹ کو گلہائے عقیدت پیش کئے۔ گورنمنٹ وہپ اور ویملواڑہ کے رکن اسمبلی آدی سرینواس نے چندرتی منڈل کے گاؤں انجال میں پاپنا گوڑ کے مجسمہ کی رونمائی انجام دی۔